ساتھ ساتھ سماجی میدان میں بھی فیصل آباد کے عوام کی بے پناہ خدمت کی۔

ان کے فرزند و جانشین صاحبزادہ طارق محمود صاحب نے انہی یادوں کو کتابی شکل میں جمع کیا ہے اور مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمہ اللہ تعالیٰ کی سوانح کے عنوان سے ایک پورے دور کی جھلک دکھا دی ہے جو دینی تحریکات کے کارکنوں کے لیے یقیناً مشعل راہ کا کام دے گی۔

ساڑھے تین سو سے زائد صفحات، خوبصورت اور مضبوط جلد اور معیاری کتابت وطباعت کے ساتھ اس کتاب کی قیمت دو سو روپے ہے اور اسے حافظ مبشر محمود، مرکزی جامع مسجد محمود، ریلوے کالونی، فیصل آباد سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

عائلی قوانین اور پاکستانی سیاست

خاندانی نظام کے حوالے سے اسلامی ہدایات اور قرآن وسنت کے قوانین وضوابط ایک عرصے سے عالمی دباؤ کی زد میں ہیں اور انہیں جدید تہذیب وتمدن اور عالمی ثقافت کے منافی قرار دے کر مسلم حکومتوں سے ان میں رد وبدل کا مسلسل تقاضا کیا جا رہا ہے۔ پاکستان میں عائلی قوانین کا نفاذ اور اس کے بعد نکاح وطلاق اور وراثت کے بارے میں قرآن وسنت کی نئی تعبیر وتشریح کے متعدد تقاضے اسی عالمی دباؤ کا نتیجہ ہیں۔

ہمارے محترم اور فاضل دوست پروفیسر ڈاکٹر قاری محمد طاہر ایڈیٹر ماہنامہ التجوید فیصل آباد نے اس کشمکش کی تاریخ بیان کی ہے اور متعلقہ مسائل کی وضاحت کی ہے جو اس موضوع سے دل چسپی رکھنے والوں کے لیے انتہائی ضروری اور قابل مطالعہ مواد کی حیثیت رکھتی ہے۔

دو سو کے لگ بھگ صفحات کی یہ کتاب جنگ پبلشرز، ۱۳۔ آغا خان روڈ، لاہور نے اپنے مخصوص معیاری انداز میں شائع کی ہے اور اس کی قیمت ایک سو پچیس روپے ہے۔

فیشن پرستی اور اس کا علاج

فیشن پرستی جہاں ایک وبا ہے، وہاں انسانی فطرت کا اظہار بھی ہے کہ انسان کو جو شکل وصورت بھی اچھی لگتی ہے وہ اس کی نقل کرنا چاہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی تعلیمات میں جناب نبی اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اور حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اسوہ وتعامل کو ہر وقت سامنے رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے اور ان کی پیروی کی تلقین کی

گئی ہے۔ یہ سنت واسوہ جب مسلمانوں کی نگاہوں سے اوجھل ہوں گے تو لامحالہ جونمونے اور آئیڈیل ان کے سامنے آئیں گے‘ وہی ان کے لیے باعث کشش ہوں گے۔ اس لیے اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ نئی پود کے سامنے اسوۂ نبوی اور صحابہ کرام کے حالات وواقعات کو دلکش انداز میں پیش کیا جائے اور تہذیب جدید کی جو مصنوعی چکا چوند ان کی گمراہی اور بے راہ روی کا باعث بن رہی ہے‘ اس کی حقیقت سے ان کو آگاہ کیا جائے۔

محترم پروفیسر حسن سعید صاحب لیکچرر انوار العلوم ایوننگ کالج حیدر آباد دکن نے اسی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے سیرت نبوی ﷺ اور اسوہ صحابہ کرامؓ کے اہم واقعات کو مرتب انداز میں پیش کیا ہے‘ جس پر حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ اور حضرت مولانا شاہ ابرار الحق صاحب آف ہردوئی دامت برکاتہم جیسے بزرگوں کی تقریظات کے بعد اس کی افادیت کے بارے میں اور کچھ عرض کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

دو سو سے زائد صفحات کی یہ مجلد کتاب مکہ کتاب گھر‘ الکریم مارکیٹ‘ اردو بازار لاہور نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت نوے روپے ہے۔